B.Ed/I Sem/BBED121DST/Dec 2017

دسمبر 2017 | B.Ed Regular (ریگولر) بی۔ایڈ | I Semester پہلا سمسٹر

پرچہ : طریقہ تدریس اردو

Paper - (MOT-II), Part-I (BBED121DST) Pedagogy of Urdu

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks | Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) سید سلیمان ندوی کے مطابق اردو کہاں پیدا ہوئی؟

(a) پٹنہ میں (b) پنجاب میں (c) سندھ میں (d) ہریانہ میں

(ii) کس کے مطابق اردو 1527ء کے آس پاس لاہور میں پیدا ہوئی۔

(a) پنڈت مدن موہن مالوی (b) سرسید احمد خان (c) کرشن چندر (d) ٹی گراہم بیل

(iii) کس کے مطابق اردو ہریانوی، کھڑی بولی، برج بھاشا، میواتی کا مرکب ہے۔

(a) مولوی عبدالحق (b) ڈاکٹر جمیل جالبی (c) ڈاکٹر مسعود حسن خاں (d) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) سجاد ظہیر اور ملک آنند گھوش کے ہاتھوں کس تحریک کا آغاز ہوا۔

(a) اردو بچاؤ تحریک (b) اردو پڑھاؤ تحریک (c) ترقی پسند تحریک (d) ڈرامہ تحریک

(v) درج ذیل میں لکھنا سکھانے کا طریقہ نہیں ہے۔

(a) ڈالٹن طریقہ (b) ابجدی طریقہ (c) مانٹیسری طریقہ (d) پیاتالوزی طریقہ

(vi) "تدریس آموزش کے لیے محرکہ، رہنمائی، ہدایت اور حوصلہ افزائی ہے"۔ کس کا قول ہے؟

(a) پیتالوزی (Pestalozzi) (b) میسلو (Maslow)

(c) جنگ (Jung) (d) برٹن (Burton)

(vii) خرد تدریس کا موجد کون ہے؟

(a) ایلن (b) اسپینسر (c) مانٹیسری (d) ہربرٹ

P.T.O.

(viii) خرد تدریس کی ایجاد کب ہوئی ؟

(a) 1910 (b) 1934 (c) 1956 (d) 1960

(ix) ثانوی جماعت میں قواعد کی تدریس کے لیے کون سا طریقہ زیادہ موزوں ہے۔

(a) استخراجی طریقہ (b) کھیل کھیل کا طریقہ (c) ڈرامائی طریقہ (d) تقریری طریقہ

(x) درج ذیل میں کون سا عمومی مقاصد کی مثال نہیں ہے۔

(a) زبان سے لگاؤ پیدا کرنا (b) اخلاقی نشو نما کرنا

(c) حمد کی تعریف بتانا (d) معلومات میں اضافہ کرنا

حصہ دوم

-2 ترسیل کے وسیلے کے طور پر زبان کی اہمیت بیان کیجیے۔

-3 مرثیہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی ایک مثال پیش کیجیے۔

-4 تدریس کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کا مفہوم واضح کیجیے۔

-5 استخراجی طریقہ کی خصوصایت بیان کیجیے۔

-6 لکھنا سکھانے سے پہلے پڑھنا سکھانا چاہیے؟ کیوں۔ وضاحت کیجیے۔

-7 سماعت کی خامیوں سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ان خامیوں کا علاج آپ کیسے کریں گے؟ بیان کیجیے۔

-8 پڑھنا سکھانے کے تحلیلی طریقہ سے آپ کی سمجھتے ہیں؟ اس کی ترکیب بیان کیجیے۔

-9 اردو زبان کی تدریس کے عام مقاصد کی فہرست بنائیے۔

حصہ سوم

-10 روزمرہ زندگی میں زبان کی اہمیت اور افادیت کو واضح کرتے ہوئے انسانی تہذیب کی ترقی میں زبان کے کردار پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

-11 عہد حاضر کے ہندوستان میں اردو زبان کا مقام و مرتبہ کیا ہے؟ ہندوستان میں اردو زبان کی ترقی کے لیے اپنی تجاویز پیش کیجیے۔۔

-12 تدریس کے مختلف طریقہ کار کون کون سے ہیں؟ کھیل کھیل کا طریقہ اور سوال و جواب کا طریقہ کہ وضاحت کیجیے۔

-13 تدریس کے عمل میں تدریسی مقاصد کا تعین کیوں ضروری ہے؟ بلوم کی پیش کردہ تدریسی مقاصد کی درجہ بندی کی تصریحات پیش کیجیے۔

-14 درجہ ہشتم میں تدریس کے لیے اپنی پسند کے کسی عنوان پر منصوبہ سبق تیار کیجیے۔

☆☆☆